## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے ساتھیوں یوسف شاہوانی اور گلفر از خٹک کی شمولیت پر جناب الطاف حسین کی مبارکباد
## سارے صوبوں کے پھول ایک گلدستے کی شکل میں متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہیں،ساتھی ایمانداری اور دیانتداری سے کام کریں

کراچی۔۔۔12/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی میں صوبہ خیبر پختونخوا اور صوبہ بلوچستان کے دو ساتھیوں یوسف شاہوانی اور گلفر از خان خٹک کی شمولیت پر اپنی جانب سے دلی مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے دوساتھیوں کی رابطہ کمیٹی میں شمولیت سے اب پورے پاکستان سے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی میں نمائندگی موجود ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی پاکستان کے اہم اجلاس سے گفتگو میں کہی۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے تمام ارکان شریک تھے۔ جناب الطاف حسین نے یوسف شاہوانی اور گلفر از خان خٹک کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایمانداری اور دیانتداری سے اپنے فرائض کو ادا کریں،حرص ولالچ سے خودکو دور رکھتے ہوئے ذاتی اور خاندان کے مفادات کے بجائے ملک کے 98 فیصد مظلوم عوام کے اجتماعی مفادات کیلئے کام کریں اور ملک میں ایک ایسے مثبت انقلاب کیلئے جس میں ہر پاکستانی کو باعزت زندگی گزارنے کا موقع میسر ہو کام کریں ۔جناب الطاف حسین نے صوبہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے تمام عوام وکارکنان کو بھی بہت بہت مبارکباد دی اور کہا کہ اب رابطہ کمیٹی میں آپ کے صوبوں کی مکمل نمائندگی موجود ہے اور سارے صوبوں کے پھول ایک گلدستے کی شکل میں متحدہ قومی موومنٹ میں ہیں جو انشاءاللہ پاکستان کے 98 فیصد مظلوم عوام کی خدمت کریں گے اور اپنے مفاد کیلئے نہیں بلکہ ملک اور ملک کے مظلوم عوام کے مفاد کیلئے کام کریں گے۔اس موقع یوسف شاہوانی اور گلفر از خان خٹک نے قائد تحریک الطاف حسین کو یقین دلایا کہ انہوں نے جس اعتماد کا اظہار ان پر کیا ہے اور وہ اس پر پورا اتریں گے اور محنت ولگن سے تحریکی جدوجہد کو آگے بڑھانے کیلئے کام کرتے رہیں گے۔

## کوہاٹ خواصی بانڈہ میں سردار ملک ثواب خان کے حجرے میں خودکش دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے،الطاف حسین

لندن۔۔۔12،جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوہاٹ خواصی بانڈہ کے علاقے میں ممتاز شخصیت اور قبائلی سردار ملک ثواب خان کے حجرے میں خودکش بم دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے معصوم شہریوں کو نشانہ بنارہے ہیں اور مذہب کے نام پر دہشت گردی کرنے والے دہشت گرد انسانیت کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا کہ کوہات خواصی بانڈہ میں قبائلی سردار کے حجرے میں خودکش حملے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرت ناک سزا دی جائے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔

## ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام کل بروز منگل شام چھ بجے شیفیلڈ میں پاکستانی کمیونٹی کا اجتماع منعقد ہوگا،
## وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار خطاب کریں گے
## اجتماع شیفیلڈ کے پاکستان مسلم کمیونٹی سینٹر واقع ووڈبرن روڈ ساؤتھ یورکشائر پوسٹ کوڈ ایس 9 ۔3 ایل کیو میں ہوگا

لندن۔۔۔12/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ یوکے کی جانب سے کل بروز منگل شیفیلڈ میں پاکستانی کمیونٹی کا اجتماع منعقد کیا جائے گا جس سے وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار خطاب کریں گے۔یہ اجتماع منگل کی شام چھ بجے شیفیلڈ کے پاکستان مسلم کمیونٹی سینٹر واقع ووڈبرن روڈ ساؤتھ یورکشائر پوسٹ کوڈ ایس 9 ۔3 ایل کیو ( Pakistan Muslim Community Centre: Woodbourn Road Sheffiel, South Yorkshire S9 3LQ) میں منعقد ہوگا۔ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے شیفیلڈ میں آباد تمام پاکستانیوں اور کشمیری کمیونٹی سے اپیل کی ہے کہ وہ اجتماع میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

## ملک میں بہبود آبادی کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے، ارکان قومی اسمبلی
## آبادی میں تیزی سے اضافے سے ملک میں ترقی کی رفتار میں کمی آجائے گی

کراچی۔۔۔12جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ پاکستان میں بہبود آبادی کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کیا جائے اور حکومتی سطح پر اس سلسلے میں مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ عالمی یوم بہبود آبادی کے موقع پر اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں حکومتی سطح پر بہبود آبادی کا ادارہ کام کر رہا ہے لیکن بہبود آبادی کیلئے اس ادارے کی جانب کوئی ٹھوس منصوبہ اور حکمت عملی نہیں اپنائی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں بہبود آبادی کے حوالے اصلاحات کی جارہی ہیں اور اس سلسلے میں جدید تقاضوں کو اپنایا جارہا ہے لہٰذا پاکستان میں بہبود آبادی کے ادارے پر خاص توجہ دی جائے اور عوام میں اس حوالے سے شعور بیدار کرنے کیلئے حکومتی سطح پر عملی اقدامات کئے جائیں، آبادی کا تسلسل بغیر کسی سوچ کے آگے بڑھتا رہا تو ملک میں ترقی کی رفتار میں کمی آجائے گی، آنے والی نسل بغیر تعلیم کے لاشعور ہوجائے گی۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے شعبہ بہبود آبادی سے امید ظاہر کی ہے کہ ملک میں بہبود آبادی کیلئے جدید تقاضوں کا اپنایا جائے اور اس ضمن میں حکومتی سطح پر تمام وسائل استعمال کئے جائیں۔

## ایم کیوایم راولپنڈی زون اور ایم کیوایم ڈسٹرکٹ جہلم کی ضلعی کمیٹی کی ازسرنو تشکیل کردی گئی
## پنجاب سوشل فورم اور راولپنڈی زون کی سطح پر وکلاء ونگ کے قیام کا اعلان
## ایم کیوایم ہی ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کا حصول یقینی بنا کر ان کے خوابوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائے گی، سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا
## راولپنڈی آرٹس کونسل میں ایم کیوایم راولپنڈی زون کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

راولپنڈی۔۔۔12جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم راولپنڈی زون اور ایم کیوایم ڈسٹرکٹ جہلم کی ضلعی کمیٹی کی ازسرنو تشکیل کردی ہے جبکہ پنجاب سوشل فورم اور راولپنڈی زون کی سطح پر وکلاء ونگ کے قیام کا اعلان بھی کردیا ہے۔ یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان اور افتخار اکبر رندھاوا نے راولپنڈی آرٹس کونسل میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جنرل ورکرز اجلاس میں کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔اس موقع پر ایم کیوایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک اور جوائنٹ انچارج کیپٹن (ر) رحیم شاہ بھی موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیف یار خان اور افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف نت نئی سازشوں کے جال بچھائے جاتے ہیں لیکن صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے واقف ہوچکے ہیں اور ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈے کے اثر نکل سے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حق پرستی کا قافلہ صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی امیدوں کا مرکز بن چکا ہے اور انشاءاللہ ایم کیوایم ہی ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کا حصول یقینی بنا کر ان کے خوابوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائے گی۔انہوں نے پنجاب اسمبلی میں صحافیوں کے خلاف منظور کی گئی قرارداد کی مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ صحافتی اقدار کا احترام یقینی بنایا جائے اور آزادی صحافت پر قدغن لگانے کی سازش میں ملوث ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔انہوں نے نومنتخب ذمہ داران کو دلی مبارکباد پیش کی اور انہیں تلقین کی کہ وہ تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنی تمام صلاحتیں استعمال کریں۔اجلاس میں داتا دربار پر خودکش حملوں میں شہید ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔

## لاہوراورانتظامیہ کی غفلت کے باعث عوام کولاحق پریشانیوں اورمشکلات کا سخت نوٹس لیا جائے، ایم کیوایم پنجاب

لاہور۔۔۔12، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہورزون کے انچارج واراکین نے لاہور میں تیز آندھی کے ساتھ ہونے والی موسلا دھار بارش کے نتیجے میں جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے اور بارش میں بچے کی ہلاکت کولاہورانتظامیہ کی غفلت قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لاہور میں ہونے والی تیز آندھی کے ساتھ موسلا دھار بارش نے جہاں عوام کوخوشگوار موسم فراہم کیا ہے وہیں لاہورانتظامیہ کی مجرمانہ غفلت کے باعث شہریوں کوشدید مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا بھی ہے، بارش کا پانی جگہ جگہ کھڑا ہے اور گندگی کے ڈھیر کے باعث وبائی امراض پھوٹنے کا خدشہ بھی ہے۔ایم کیوایم لاہورزون کے انچارج واراکین نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ ڈی سی اولاہوراورانتظامیہ کی غفلت کے باعث عوام کولاحق پریشانیوں اورمشکلات کا سخت نوٹس لیا جائے اورلاہورانتظامیہ کوبارش سے قبل مثبت اقدامات کرنے کا پابند بنایا جائے۔انہوں نے بارش میں ہلاک ہونے والے بچے کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین بھی کی۔

## حیدرآباد میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کا سخت نوٹس لیا جائے، صلاح الدین، طیب حسین
## عوام کے روزمرہ معمولات زندگی متاثر ہوچکے ہیں اوروہ احتجاج پرمجبور ہوچکے ہیں

حیدرآباد۔۔۔12، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی صلاح الدین اور طیب حسین نے حیدرآباد میں طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام کو لاحق مشکلات اور پریشانیوں پرگہری تشویش کا اظہار کیا ہے اورکہا ہے کہ کراچی، حیدرآباد سمیت ملک بھر میں بجلی تقسیم کارکمپنیاں مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کررہی ہیں جس سے ملک کی معیشت تیزی سے تنزلی کی جانب مائل ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام اور کاروباری طبقے کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہوچکے ہیں اوروہ طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج پرمجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ سے ایک جانب عوام میں شدید اشتعال پایا جارہا ہے اوردوسری جانب نقص امن کا مسئلہ پیدا ہورہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی صلاح الدین اورطیب حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرپانی وبجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ حیدرآباد میں بجلی کی طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اورعوام کوبجلی کی سہولت کی فراہمی میں مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کرنے والے افراد کا محاسبہ کیا جائے۔

## پنجاب اسمبلی میں صحافیوں کیخلاف منظور کی گئی قرارداد جمہوری حکومت میں آمرانہ عمل کی عکاسی کرتا ہے، لیگل ایڈکمیٹی
## ایم کیوایم لیگل ایڈکمیٹی کے ارکان کی کراچی بارایسوسی ایشن کے یوم سیاہ میں بھرپورشرکت

کراچی۔۔۔۔12، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لیگل ایڈکمیٹی کے انچارج واراکین نے پنجاب اسمبلی میں صحافیوں کے خلاف منظور کی گئی قرارداد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس قراردادکو جمہوری دورحکومت میں آمرانہ اقدام قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا میں آزادصحافت اور جمہوری طرزحکمرانی ترقی وخوشحالی کی مثال قرار دیئے جاتے ہیں اور پاکستان کی صوبائی اسمبلی میں صحافیوں کے خلاف قرارداد کی منظوری آزادصحافت پرکھلا حملہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔لیگل ایڈکمیٹی کے انچارج واراکین نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ پنجاب اسمبلی میں سیاہ قرارداد کے ذریعے آزادصحافت پرحملہ کرنے کے ذمہ داروں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔علاوہ کراچی بار ایسوسی ایشن کی جانب سے پیر کے روز پنجاب میں اسمبلی میں صحافیوں کیخلاف پاس ہونے والے قرارداد کیخلاف یوم سیاہ منایا گیا جس میں ایم کیوایم لیگل ایڈکمیٹی کے ارکان نے بھرپورشرکت کی۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد اسحاق خان علالت کے باعث انتقال کر گئے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 ایلڈر رز ونگ کے کارکن محمد اسحاق علالت کے باعث انتقال کر گئے، مرحوم کی عمر 66 سال تھی اور انہوں نے پسماندگان میں تین بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑے ہیں، محمد اسحاق خان عرصہ دراز سے گلے کینسر میں مبتلا تھے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد اسحاق خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم ایلڈر رز ونگ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن محمد اسحاق خان کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆